# اجتماع ارکان
# دلچسپ اور
# موثر کیسے ؟؟

# اجتماع ارکان کو کیسے دلچسپ اور موثر بنایا جائے؟؟

شہر اور ضلع کی سطح پر سال میں ایک ایک اجتماع ہو جبکہ علاقہ میں ہر مہینہ اجتماع رکھا جائے فرد کے اپنے مقام پر شمولیت سے دونوں کے لئے بہتر ہوتا ہے۔

1-نصاب میں ملنے والی کتب میں سے کسی کتاب پر گروپ ڈسکشن کروایا جائے۔کتاب کے ابواب میں سے سب کا خلاصہ ایک ایک گروپ میں دیا جائے کہ اسکو پڑھیں اور پھر گروپ لیڈر آکر اس باب کا خلاصہ سب کے سامنے پیش کرے۔اس طرح اسٹڈی سرکلز یا اجتماعی مطالعہ کے مقاصد حاصل ہونگے۔

2۔موثر اور مثالی حلقہ دروس کیسے قائم کیے جائیں؟اس کا کیا طریقہ کار ہو؟ان کے عملی جوابات سوچنے اور نئی راہیں نکالنے کے لیے ڈسکشن رکھوایا جائے۔اپنی مشکلات اور مسائل پیش کرنے کا موقع دیا جائے اور جوابات بھی ارکان بہنوں سے ہی وصول کیے جائیں۔

3۔خرم مراد صاحب کی کتابچے" موثر تنظیم " کے اوپر گروپ ڈسکشن رکھوایا جاسکتا ہے۔

4۔ارکان کو" زیر تربیت افراد" دیے جائیں اور اجتماع ارکان میں ان کی صورتحال اور کارکردگی کا جائزہ لیا جائے۔اہداف اور تجاویز لی جائیں۔

5۔اجتماع ارکان کے ایجنڈے کو فائنل کرتے ہوئے کبھی کبھی ارکان سے بھی رائے لی جائے۔ان کو شریک مشورہ بنایا جائے تاکہ وہ اس اجتماع کو own کریں۔ارکان کے گروپ میں پہلے سے اس اجتماع کے ایجنڈے کے لیے مشورے لیں۔

6۔ارکان کو ہوم ورک دیا جائے کہ وہ کرنٹ ایشوز پر بھرپور معلومات اکٹھی کر کے آئیں اور انہیں کرنٹ ایشوز کے ٹاپک پر بولنے کے لیے دو منٹ دیے جائیں۔ کوئی موضوع بھی دیا جا سکتا ہے کرنٹ ایشوز کے حوالے سے۔(مثلا: قادیانی ایشو/ٹرانسجنڈر ایشو، فلسطین و کشمیر کے مسائل)

7۔پروجیکٹ بیس کام دیا جائے جس میں Mind and Heart دونوں کام کریں۔

8۔ارکان کو یہ ہوم ورک دیا جائے کہ وہ جسارت یا ترجمان میں سے کچھ حصہ حاصل مطالعہ کے طور پر لے کر آئیں گی یا جسارت کا کوئی اداریہ جو پسند آیا ہو یا ترجمان القران کے کسی مضمون کی کوئی تلخیص بنا کر لائیں۔اس سے جسارت اور ترجمان کے مطالعے کی صورتحال سے بھی آگاہی حاصل ہو گی۔

9۔ارکان کی ذاتی اور اجتماعی کارکردگی کے حوالے سے کوئی تحریری جائزہ یا تجزیہ تیار کیا جائے جو وقت اور جگہ کے لحاظ سے مرتب کیا جائے اور اجتماع ارکان میں ہی اسے کمپائل کر کے تجزیہ اور پروگرام پیش کیا جائے۔

10۔دستور پر ڈسکشن رکھوایا جائے۔ تنظیمی فہم میں اضافہ ہو گا۔

11۔ تھوڑا وقت آپس کے باہمی تعلق کے لیے مختص کیا جائے۔ ہر رکن کسی ایسے فرد سے ملاقات کرے جس کو پہلے سے نہیں جانتا ہو۔ اس کا تعارف گھریلو زندگی کے حوالے سے آگاہی حاصل کر لے۔

12۔ گھر سے کوئی بھی چیز تحفہ کے طور پر لے کر آئی جائے اپنی ساتھی رکن بہن کے لیے اور اجتماع ارکان میں وہ تحفہ دیا جائے اپنی رکن بہن کو۔ کوئی بھی گھر میں رکھی ہوئی چیز یا خود ہاتھ سے تیار کردہ ہو۔

# • معیاری رکن

- ہمیں سب سے پہلے یہ دیکھنا ہو گا کہ ہم اپنے معیاری رکن میں کیا دیکھنا چاہتے ہیں۔
- 1۔ تربیت کے لحاظ سے :

☆علم کا لیول کیسا ہے؟

☆حالتِ ایمان (ایمان باللہ + ایمان بالآخرت)

- 

- 2۔ اخلاقیات:

☆سچ بولنے والا ہو۔

☆ایفائے عہد کرنے والا ہو۔

- 3۔ معاملات:

☆خاندان کی ذمہ داری کو پہچانتا ہو۔
☆محلے اور رشتہ داروں میں میل جول ہو۔ قطع رحمی نہ ہو۔
☆Community میں امر بالمعروف و نہی المنکر کا role ہو۔
☆حالات حاضرہ کی know how ہو۔

- ایسے لوگوں کی تربیت کیسے کریں؟؟

علم:

☆تنظیم، تربیت کا طے شدہ نصاب

☆معلومات دینے کا طریقہ کار :

Study Circle (1

Group Discussion (2

Group Presentation( 3)(اپنے حصے کا مواد پڑھیں اور آکے Present کریں)۔

- **خاندان کے معاملات:**

اُن کی اصلاح تمثیلی سر گرمیوں کے ذریعے کریں۔ جیسے ساس بہو کی لڑائی، Expectation اور پھر صلح ہو جانا۔ محلے، ہمسائیوں سے تعلقات

☆اس پر Open debate discussion کروالیں کہ اُن کے تجربات کی روشنی میں، ہمسائیوں کے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں اور کیا کیا تکلیفیں پہنچتی ہیں۔ پھر اس کو کیسے ٹھیک کر سکتے ہیں۔ اس کے کیا طریقہ ہیں۔؟؟

☆کسی چیز کی Summary کو اجتماع ارکان میں ہی لکھوا سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک دو لوگوں سے پڑھوالیں۔

☆ایک صفحے کا Reflection لکھوایا جاسکتا ہے۔ جیسے آپ نے کوئی واقعہ دیکھا جس کے نتیجے میں

1۔آپ کو خیال آیا؟ 2۔آپ نے اپنے لیے کوئی عمل سوچا ہو؟ 3۔دوسروں کے لیے آپ کے دل میں کیا خیال آیا؟

اس Reflection سے ہمیں اندازہ ہو جائے گا کہ کسی موقع پر ان کی سوچ کیا بنتی ہے؟

☆جو چیز آج پڑھی ہے اور سوچی ہے وہ گھروں میں جا کر اپنے 5 یا 10 ہمسائیوں اور رشتے داروں تک وہ بات پہنچائیں اور ان سے رائے لیں۔

☆ تین ماہ بعد سوال نامہ پُر کروا کر یہ دیکھیں کہ کتنوں کے اندر کیا تبدیلی آئی ہے۔

**امر بالمعروف:**

☆امر بالمعروف کے بارے میں Good and Bad Practices شیئر کریں۔ یا لکھ کر دے پھر Board Presentation کر کے یہ دیکھیں کہ یہ چار چیزیں نہیں کرنی اور یہ چار چیزیں ہم ضرور کیا کریں گے۔

☆3 ماہ بعد اپنے کام اور نصاب کو review کر لیں اور دیکھیں کہ جو چیز مؤثر نہیں ہے ان کو ہم ٹھیک کریں۔

## آن لائن سہولت:

اجتماع ارکان میں غیر حاضرین کا پتہ کریں۔اور آن لائن اجتماع Join کرنے کیPermission دیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہمارا آن لائن سسٹم اچھا بنا ہوا ہو۔

(ہمارے ہاں بھی پوری Virtual University کا خواب دیکھا جا رہا ہے اور یہی کام کر وا بھی رہے ہیں۔اسی کاTrend ہے۔دنیا میں بھی Hybrid Mode ہے کہ Physical or Virtual دونوں ہوں۔ہمیں اپنی ان سہولیات کو زیادہ improve کرنا چاہیے۔)(ڈاکٹر کوثر فردوس)

## حالات حاضرہ سے آگاہی:

ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے لوگ ہم سے آگاہ رہیں۔ تو حالات حاضرہ کی discussion میں ترجمان اور ایشیا کی کوئی ایک دو خبروں کی 15 منٹ میں Briefing اور Highlights دے دی جائیں۔